قرآن پاک یاد رکھنے کا وظیفہ

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

قرآن پاک یاد رکھنے کے لیے سوتے وقت سورۂ بقرہ کی دس آیات کو پڑھا جائے، دس آیات کی تفصیل حوالہ کے ساتھ نیچے مذکور ہے۔

(1) سورۂ بقرہ کی ابتدائی چار آیات یعنی الٓمّٓ سے لے کر وَ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ تک۔ (پارہ 1، سورۂ بقرہ، آیت 1 تا 4)۔

(2) آیت الکرسی۔ (پارہ 3، سورۂ بقرہ، آیت 255)

(3) آیت الکرسی کے بعد کی دو آیات یعنی لَاۤ اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ سے لے کر هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ تک۔ (پارہ 3، سورۂ بقرہ، آیت 256 تا 257)

(4) سورۂ بقرہ کی آخری تین آیات یعنی لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ سے لے کر عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ تک۔ (پارہ 3، سورۂ بقرہ، آیت 284 تا 286)

ترجمہ:

مسند دارمی میں ہے: ۔۔۔ من قرأ عشر آیات من البقرة عند منامه لم ینس القرآن: أربع آیات من أولها، وآیة الكرسي، وآیتان بعدها، وثلاث من آخرها ترجمہ: جس شخص نے سوتے وقت سورۂ بقرہ کی دس آیات پڑھیں وہ قرآن پاک نہیں بھولے گا۔ (وہ آیات یہ ہیں): سورۂ بقرہ کی ابتدائی چار آیات، آیۃ الکرسی اور اس کے بعد کی دو آیتیں اور سورۂ بقرہ کی آخری تین آیات۔ (مسند دارمی، جلد 4، صفحہ 2131، رقم الحدیث: 3428، مطبوعہ دار المغنی للنشر والتوزیع)

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net